


بسم الله الرحمن الرحيم

# Ramadan Duas

**In the name of ALLAH the most beneficent and the most merciful**

https://kashiahmed.com/duas

# رمضان تک پہنچنے کی دعا

اَللّٰهُمَّ سَلِّمْنِيْ إِلَى رَمَضَانَ وَسَلِّمْ لِي رَمَضَانَ وَتَسَلَّمْهُ مِنِّي مُتَقَبَّلاً

اے اللہ! مجھے رمضان تک سلامتی کے ساتھ پہنچا، اور رمضان کو میرے لیے سلامتی والا بنا، اور اسے مجھ سے قبول فرما لے۔

[Ref: Kanz Ul Ummal]

# رمضان کے چاند کو دیکھنے کی دعا

اَللّٰهُمَّ أَهْلِلْهُ عَلَيْنَا بِالْيُمْنِ
وَالْإِيْمَانْ، وَالسَّلَامَةِ وَالْإِسْلَامْ،
رَبِّيْ وَرَبُّكَ اللّٰهُ

اے اللہ! اس چاند کو ہم پر برکت، ایمان،
سلامتی اور اسلام کے ساتھ طلوع فرما۔
(اے چاند!) میرا اور تیرا رب اللہ ہے۔

# سحری سے پہلے کی دعا

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيهِ
وَأَطْعِمْنَا خَيْراً مِنْهُ

اے اللہ! اس (کھانے) میں ہمارے لیے برکت عطا فرما اور ہمیں اس سے بہتر رزق عطا فرما۔

# رمضان میں روزہ رکھنے کی نیت کی دعا

وَبِصَوْمِ غَدٍ نَّوَيْتُ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ

میں اللہ کے لیے رمضان کا روزہ رکھ رہا ہوں۔

[Ref: Unknown]

# افطار کی پہلی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ لَكَ صُمْتُ، وَبِكَ اٰمَنْتُ، وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَ عَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ

اے اللہ! میں نے تیرے لیے روزہ رکھا، تجھ پر ایمان لایا، تجھ پر بھروسا کیا اور تیرے دیے ہوئے رزق سے اپنا روزہ افطار کیا۔

[Ref: Ibn-e-Majah 1752]

# افطار کے بعد کی دوسری دعا

ذَهَبَ الظَّمَأُ وَابْتَلَّتِ
الْعُرُوْقُ وَثَبَتَ الْاَجْرُ اِنْ
شَآءَ اللّٰهُ

پیاس بجھ گئی، رگیں تر ہو گئیں، اور اگر
اللہ نے چاہا تو اجر ثابت ہو گیا۔

# اجتماعی افطار کی دعا

أَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُونَ، وَأَكَلَ طَعَامَكُمُ الْأَبْرَارُ، وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلَائِكَةُ

تمہارے یہاں روزہ داروں نے افطار کیا، نیک لوگوں نے تمہارا کھانا کھایا، اور فرشتوں نے تم پر رحمت کی دعا کی۔

# تراویح کی دعا

سُبْحَانَ ذِی الْمُلْکِ وَالْمَلَکُوْتِ ؕ سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّةِ وَالْعَظَمَةِ وَالْهَیْبَةِ وَالْقُدْرَةِ وَالْکِبْرِیَآءِ وَالْجَبَرُوْتِ ؕ سُبْحَانَ الْمَلِکِ الْحَيِّ الَّذِیْ لَا یَنَامُ وَلَا یَمُوْتُ ؕ سُبُّوحٌ قُدُّوْسٌ رَّبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِکَةِ وَالرُّوْحِ ؕ اَللّٰهُمَّ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَا مُجِیْرُ یَا مُجِیْرُ یَا مُجِیْرُ ؕ

پاک ہے وہ ذات جو بادشاہت اور قدرت کا مالک ہے، پاک ہے وہ ذات جو عزت، عظمت، ہیبت، قدرت، بڑائی اور غلبے والی ہے۔ پاک ہے وہ ہمیشہ زندہ بادشاہ، جو نہ سوتا ہے اور نہ مرے گا۔ پاک ہے، مقدس ہے ہمارا رب، جو فرشتوں اور جبریل (روح) کا رب ہے۔ اے اللہ! ہمیں جہنم کی آگ سے بچالے، اے بچانے والے، اے بچانے والے، اے بچانے والے!

# رمضان کے پہلے 10 دس دنوں کی دعا

## يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيثُ

اے ہمیشہ زندہ رہنے والے، اے تمام مخلوقات کو قائم رکھنے والے! میں تیری رحمت کے ذریعے مدد چاہتا ہوں۔

## رمضان کے دوسرے 10 دن
## دنوں کی دعا

أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّي مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّأَتُوْبُ إِلَيْهِ

میں اللہ سے اپنے ہر گناہ کی بخشش مانگتا ہوں اور اسی کی طرف توبہ کرتا ہوں۔

# رمضان کے آخری 10 دس دنوں کی دعا

## اَللّٰهُمَّ أَجِرْنِيْ مِنَ النَّارِ

اے اللہ! مجھے جہنم کی آگ سے بچا لے۔

[Ref: Ibn-e-Majah 4340]

# بخشش مانگنے کی دعا-شبِ قدر کی دعا

اَللّٰھُمَّ إِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعَفُ عَنِّيْ

اے اللہ! بے شک تو معاف کرنے والا ہے، معافی کو پسند کرتا ہے، پس مجھے معاف فرمادے۔

# زکوٰۃ ادا کرتے وقت کی دعا

## اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا مَغْنَمًا وَلَا تَجْعَلْهَا مَغْرَمًا

اے اللہ! اسے میرے لیے فائدہ مند بنا
اور نقصان کا سبب نہ بنا۔

[Ref:Sunan Abu Dawood 1627]

# رمضان کی آخری رات کی دعا

اَللّٰھُمَّ لاَ تَجْعَلْهُ آخِرَ الْعَهْدِ مِنْ
صِيَامِي لِشَهْرِ رَمَضَانَ، وَأَعُوذُ بِكَ
أَنْ يَّطْلُعَ فَجْرُ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ إِلاَّ وَقَدْ
غَفَرْتَ لِيْ

اے اللہ! میرے لیے یہ رمضان کے روزوں کا آخری موقع نہ بنا، اور میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں کہ اس رات کی فجر طلوع ہو اور تُو نے مجھے معاف نہ کیا ہو۔

# تہجد کی دعا

## عربی

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ قَيِّمُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ، وَلَكَ الْحَمْدُ لَكَ مُلْكُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ، وَلَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ، وَلَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ الْحَقُّ، وَوَعْدُكَ الْحَقُّ، وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ، وَقَوْلُكَ حَقٌّ، وَالْجَنَّةُ حَقٌّ، وَالنَّارُ حَقٌّ، وَالنَّبِيُّونَ حَقٌّ، وَمُحَمَّدٌ صلى الله عليه وسلم حَقٌّ، وَالسَّاعَةُ حَقٌّ، اللَّهُمَّ لَكَ أَسْلَمْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ، وَإِلَيْكَ أَنَبْتُ، وَبِكَ خَاصَمْتُ، وَإِلَيْكَ حَاكَمْتُ، فَاغْفِرْ لِي مَا قَدَّمْتُ وَمَا أَخَّرْتُ، وَمَا أَسْرَرْتُ وَمَا أَعْلَنْتُ، أَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ، لاَ إِلَهَ إِلاَّ أَنْتَ ۔ أَوْ لاَ إِلَهَ غَيْرُكَ ۔ــــ وَلاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ إِلاَّ بِاللّٰهِ

# تہجد کی دعا

ترجمہ

اے اللہ ! تمام تعریفیں تیرے ہی لیے ہیں، تو ہی آسمانوں اور زمین کا نظام چلانے والا ہے اور جو کچھ ان میں ہے، وہ سب تیرا ہی ہے۔ تمام تعریفیں تیرے ہی لیے ہیں، تیرے ہی پاس آسمانوں اور زمین کی بادشاہت ہے اور جو کچھ ان میں ہے۔ تمام تعریفیں تیرے ہی لیے ہیں، تو ہی آسمانوں اور زمین کا نور ہے۔ اے اللہ ! میں تیرے ہی لیے اسلام لایا، تجھ ہی پر ایمان لایا، تجھ ہی پر بھروسہ کیا، تیری ہی طرف رجوع کیا، تجھ ہی سے جھگڑا کیا اور تیرا ہی حکم مانا، پس میرے اگلے پچھلے، چھپے کھلے گناہ معاف فرما۔ تو ہی آگے بڑھانے والا ہے اور تو ہی پیچھے کرنے والا ہے۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں اور نہ کوئی طاقت و قوت تیرے بغیر حاصل ہو سکتی ہے۔

[Ref:Sahih Al Bukhari 1120]

# مختصر درود شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِهٖ وَسَلِّمْ

اے اللہ! حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور ان کی آل پر درود، برکت اور سلام نازل فرما۔

# آیت الکرسی

## عربی

اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ ۚ لَا
تَاۡخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوۡمٌ ؕ لَهُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ
وَمَا فِی الۡاَرۡضِ ؕ مَنۡ ذَا الَّذِیۡ یَشۡفَعُ
عِنۡدَهٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِهٖ ؕ یَعۡلَمُ مَا بَیۡنَ اَیۡدِیۡهِمۡ وَمَا
خَلۡفَهُمۡ ۚ وَلَا یُحِیۡطُوۡنَ بِشَیۡءٍ مِّنۡ عِلۡمِهٖۤ اِلَّا
بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرۡسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ
وَالۡاَرۡضَ ۚ وَلَا یَئُوۡدُهٗ حِفۡظُهُمَا ۚ وَ هُوَ
الۡعَلِیُّ الۡعَظِیۡمُ

# آیت الکرسی

ترجمہ

اللہ وہ ذات ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ زندہ ہے، سب کا تھامنے والا ہے۔ اسے نہ اونگھ آتی ہے اور نہ نیند۔ اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے۔ کون ہے جو اس کی اجازت کے بغیر اس کے حضور سفارش کرے؟ وہ جانتا ہے جو ان کے سامنے ہے اور جو ان کے پیچھے ہے، اور وہ اس کے علم میں سے کسی چیز کا احاطہ نہیں کر سکتے مگر جتنا وہ چاہے۔ اس کی کرسی آسمانوں اور زمین پر محیط ہے، اور ان کی حفاظت اسے تھکاتی نہیں، اور وہی بلند اور عظمت والا ہے۔

# تسبیح فاطمہ رضؓ

33 مرتبہ

## سُبْحَانَ اللّٰهِ

اللہ پاک ہے (ہر نقص اور کمزوری سے مبرا ہے)

33 مرتبہ

## اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں


34 مرتبہ

## اَللّٰهُ اَكْبَرُ

اللہ سب سے بڑا ہے

[Ref.Sahih Al Bukhari 3113]

KashiAhmed.com/duas



# جَزَاكَ ٱللَّٰهُ خَيْرًا

## Jazak Allahu Khairun

**Please remember Kashif & Tayyaba Ahmed, their parents, kids, and everyone who helped putting this document together in your prayers & for esal-e-sawab**

Don't Forget to Follow @KashiDHQ on All Social Media

Note: Please forgive us in advance if you find any mistakes.
Please do notify us at contact@kashiahmed.com with details of finding.

https://kashiahmed.com/duas